2024-08-19

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1 مرکز نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ Mpox کے مریضوں کا فوری طور پر پتہ لگانے کیلئے نگرانی اور مؤثر اقدامات کریں۔

2 اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ براہ راست دوسرے سال میں داخلے کا تصور پہلے، کانگریس کی قیادت والی یوپی اے حکومت کے دوران پیش کیا گیا تھا۔

3 وزیر خارجہ ایس جے شنکر، آج نئی دلی میں، نیپال کی اپنی ہم منصب آرزو رانا دیوبا کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

4 آج پورے ملک میں رکشا بندھن کا تہوار منایا جارہا ہے۔

5 جموں و کشمیر میں سالانہ امرناتھ یاترا اختتام پذیر ہوئی۔

6 اور کولکاتہ کے تین بڑے فٹ بال کلبز موہن بگان، ایسٹ بنگال اور محمڈن اسپورٹنگ کے ہزاروں شائقین نے، مغربی بنگال میں RG Kar میڈیکل کالج کی ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے خلاف احتجاج کیا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Centre Mpox Review

وزیر اعظم کے پرنسپل سکریٹری ڈاکٹر پی کے مشرا نے ملک میں Mpox بیماری کی روک تھام کی تیاریوں اور اِس سے متعلق حفظانِ صحت کے اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے کل ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی۔ اُنہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی، Mpox صورتحال پر لگاتار قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر مشرا نے ریاستوں کو ہدایت دی کہ وہ نگرانی میں اضافہ کریں اور اِس طرح کے مریضوں کی فوری شناخت کیلئے مؤثر اقدام کریں۔

ملک میں ابھی تک Mpox کے کسی مریض کی اطلاع نہیں ہے۔

عالمی صحت تنظیم نے ایک بار پھر Mpox کو صحتِ عامہ کی ایسی ہنگامی صورتحال قرار دے دیا ہے جس پر بین الاقوامی سطح پر تشویش پائی جاتی ہے۔

WHO نے افریقہ کے بہت سے حصوں میں اِس بیماری کے پھیلنے کے تناظر میں 14 اگست کو اِسے ایک ہنگامی صورتحال قرار دیا۔x

## Ashwini Vaishnav Lateral Entry

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے افسر شاہی میں، براہ راست دوسرے سال میں داخلے پر، کانگریس کی طرف سے کی گئی نکتہ چینی کو دوہرا معیار قرار دیا ہے۔ حال ہی میں یونین پبلک سروس کمیشن نے مرکزی وزارتوں میں 45 جوائنٹ سکریٹریز، ڈائرکٹرز اور ڈپٹی سکریٹریز مقرر کرنے کا ایک اشتہار جاری کیا تھا، جس پر اپوزیشن پارٹیوں نے سوال اٹھایا تھا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ویشنو نے کہا کہ کانگریس کی قیادت والی یوپی اے سرکار نے ہی، براہ راست دوسرے سال میں داخلے کا تصور پیش کیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس رہنما ویرپا موئیلی کی صدارت میں 2005 میں تادیبی اصلاحات سے متعلق دوسرے کمیشن نے، ایسے عہدوں میں فرق کو ختم کرنے کیلئے، ماہرین کے تقرر کی سفارش کی تھی جن کیلئے خصوصی معلومات درکار ہوتی ہے۔

وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ NDA حکومت نے، پہلے والی حکومت کی اِس سفارش پر عمل کرنے کیلئے، شفاف طریقہ تشکیل دیا ہے اور UPSC کے ذریعے تقرر، شفاف اور منصفانہ انداز میں کیا جائے گا۔x

## SC Kolkata DOC Case

سپریم کورٹ نے کولکاتہ آبروریزی اور قتل کیس میں از خود کارروائی شروع کی ہے۔ عدالت اِس معاملے کی سنوائی کَل کرے گی۔ بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ، جسٹس جے بی پاردی والا اور جسٹس منوج مسرا پر مشتمل ایک بینچ اِس معاملے کی سنوائی کرے گی۔

ایک پوسٹ گریجویٹ زیر تربیت ڈاکٹر کی، اِس ماہ کی 9 تاریخ کو کولکاتہ کے RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال میں مبینہ طور پر آبروریزی کی گئی تھی اور اُس کا قتل کردیا گیا تھا۔ اِس واقعے کے ایک دن بعد کولکاتہ پولیس نے اِس کیس کے سلسلے میں ایک سماجی رضاکار کو گرفتار کیا تھا۔

اِس واقعے کے بعد پورے ملک میں مظاہرے شروع ہوگئے تھے جس میں پورے ملک کے ڈاکٹرز اِس کیس میں ملوث لوگوں کے خلاف اور کام کی جگہ پر ڈاکٹرس کی حفاظت کے اقدام کا مطالبہ کررہے ہیں۔

اِس سے پہلے انڈین میڈیکل ایسو سی ایشن نے وزیر اعظم کو ایک خط لکھ کر، اُن سے اِس معاملے میں مداخلت کیلئے کہا تھا کہ وہ حفظان صحت کے عملے پر کئے جانے والے تشدد پر قابو پانے کیلئے مرکز کی طرف سے ایک قانون لائیں۔

اِسی دوران CBI نے کَل، کولکاتہ میں RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سے پوچھ تاچھ کی۔x

## Padma Awardee Doctors

70 سے زیادہ پدم انعام یافتہ ڈاکٹرز نے، وزیر اعظم نریندر مودی کو خط لکھا ہے جس میں پچھلے ہفتے کولکاتہ میں RG Kar میڈیکل کالج و اسپتال میں اُن سے ذاتی مداخلت کی

درخواست کی گئی ہے۔ ڈاکٹرز نے کہا کہ اِس طرح کی وحشیانہ حرکتوں سے، طبی پیشہ ور افراد کی خدمات کی بنیادیں ہل جاتی ہیں اور یہ فوری ضرورت اجاگر ہوتی ہے کہ خاص طور پر خواتین، لڑکیوں اور حفظان صحت کے پیشہ ور افراد پر ہونے والے تشدد کا خاتمہ کیا جائے۔ ڈاکٹرز نے وزیر اعظم سے یہ بھی زور دے کر کہا کہ وہ اِس بات کیلئے سخت اقدام کریں کہ اِس طرح کے مظالم دوبارہ نہ ہوں۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں، پالیسی سازوں اور عام طور پر سماج کے لوگوں سے کہا کہ وہ فوری اور فیصلہ کن اقدام کریں۔ x

## WB Governor Hospital Security

مغربی بنگال کے گورنر CV آنند بوس نے ریاست کے سبھی میڈیکل کالجوں اور اسپتالوں کے حکام کے لئے ایک بیان جاری کیا ہے جس میں اُن سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنے کالج اور اسپتالوں میں حفاظتی انتظامات میں اضافہ کریں۔ یہ قدم پچھلے ہفتے کولکاتہ کے، سرکاری RG Karمیڈیکل کالج اور اسپتال میں ایک جونیئر ڈاکٹر کی وحشیانہ آبروریزی اور قتل کے واقعے کے بعد اٹھایا گیا ہے۔ گورنر نے اسپتال حکام کو یہ ہدایت بھی دی ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ خاتون ڈاکٹرز اور نیم طبی عملے کو بھرپور حفاظت فراہم کی گئی ہے۔

ایک اور متعلقہ واقعے میں سپریم کورٹ نے RG Kar کیس میں خود اپنے طور پر کارروائی شروع کی ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی قیادت والی تین ججوں کی ایک بینچ کَل اِس معاملے کی سنوائی کرے گی۔

اِس بینچ میں، چیف جسٹس کے علاوہ، جسٹس جے بی پاردی والا اور جسٹس منوج مسرا شامل ہیں۔x

## Nepal PM Visit

وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج نئی دلی میں نیپال کی اپنی ہم منصب آرزو رانا دیوبا سے بات چیت کریں گے۔ ڈاکٹر دیوبا کَل بھارت کے پانچ روزہ دورے پر نئی دلی پہنچی ہیں۔

ایک بیان میں وزارت خارجہ نے بتایا کہ یہ دورہ، بھارت اور نیپال کے درمیان اعلیٰ سطح کے لگاتار دوروں کی روایت کے تحت کیا جارہا ہے۔ وزارت نے بتایا کہ نیپال، بھارت کی ’پڑوس مقدم پالیسی‘ کا ترجیحی ملک ہے۔ وزارت نے کہا کہ اِس دورے سے دونوں ملکوں کو ایک موقع ملے گا کہ وہ دو طرفہ تعاون میں پیشرفت کا جائزہ لیں اور اِس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کو مزید آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔x

## Sitharaman Review Meet

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج نئی دلی میں، سرکاری شعبے کے بینکوں اور علاقائی دیہی بینکوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں گی۔ محترمہ سیتا رمن اپنے دیگر رفقائے کار کے ساتھ جمع کی گئی رقم کی ترقی، قرضے اور جمع رقم کے تناسب اور اثاثوں کی کوالٹی کا جائزہ لیں گی جو بینکوں کے صحتمند کام کاج کے اہم اشاریے ہیں۔

وزیر خزانہ، پی ایم آواس یوجنا، پی ایم سوریہ گھر اور پی ایم وشو کرما اسکیموں جیسے سرکاری اقدامات کے تحت سرکاری شعبے کے بینکوں کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیں گی۔

مودی سرکار کی تیسری مدت کے دوران خزانے اور کارپوریٹ امور کی وزیر کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد اِس طرح کے بینکوں کی، محترمہ سیتا رمن کی یہ پہلی جائزہ میٹنگ ہے۔ یہ میٹنگ 23 جولائی کو پہلا مکمل بجٹ پیش کرنے کے بعد سے اب تک کی پہلی میٹنگ ہے۔x

## Malasia PMN India

ملیشیا کے وزیر اعظم Dato Seri انور بن ابراہیم، آج سے بھارت کے تین روزہ سرکاری دورے پر رہیں گے۔ ملیشیا کے وزیر اعظم کے طور پر انور ابراہیم کا یہ بھارت کا پہلا دورہ ہوگا۔
وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ملیشیا کے وزیر اعظم منگل کو وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ اپنے دورے میں وہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے بھی ملاقات کریں گے۔ x

## DG ICG Dead

بھارتی ساحلی گارڈ کے ڈائریکٹر جنرل راکیش پال کا، کل چنئی میں دل کا دورہ پڑنے سے انتقال ہوگیا۔ وہ 59 سال کے تھے۔ راکیش پال، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی قیادت میں ساحلی گارڈ کے پروگرام میں شرکت کے لیے چنئی میں تھے۔

انھوں نے کوسٹ گارڈ میں 34 سال تک خدمات انجام دیں اور گذشتہ برس وہ ڈائیریکٹر جنرل بنے تھے۔ انھیں بھارتی ساحلی گارڈ کی جدید کاری اور ترقی میں بڑی خدمات کے لیے Vishist Seva Medal سے نوازا گیا تھا۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور تمل ناڈو کے وزیراعلیٰ ایم۔کے۔ اسٹالن نے ان کے جنازے پر گلہائے عقیدت نذر کیے۔وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ایک ٹویٹ میں ان کے انتقال کو ایک بڑا نقصان قرار دیا۔x

## Shah DG Coast Guardِ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کل چنئی میں بھارتی ساحلی گارڈ کے ڈائریکٹر جنرل راکیش پال کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ وہ مثالی قائدانہ اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل افسر تھے اور بھارت کی سمندری سیکیورٹی کے تئیں اُن کی گراں قدر خدمات پر انھیں ہمیشہ یاد کیا جائے گا۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## Bangladesh Election

بنگلہ دیش کے چیف ایڈوائزر محمد یونس نے کہا ہے کہ ملک کے نظام میں ضروری اصلاحات کرنے کے بعد جلد ہی آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کرائے جائیں گے۔ ڈھاکہ میں مندوبین کے ساتھ ایک میٹنگ میں محمد یونس نے کہا کہ   بنگلہ دیش میں انتخابی کمیشن، عدلیہ، شہری انتظامیہ، سکیورٹی افواج اور میڈیا میں ضروری اصلاحات کے بعد انتخابات کرائے جائیں گے۔

ڈاکٹر یونس نے کہا کہ امن و قانون پر قابو پانا، اِس عبوری حکومت کی اولین ترجیح ہوگی۔ اِس مہینے کے آغاز میں، ملک گیر احتجاج کے نتیجے میں شیخ حسینہ کی معزولی کے بعد ڈاکٹر یونس نے بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کے چیف ایڈوائزر کے طور پر حلف لیا تھا۔x

## Amarnath Yatra Ends

2024 کی شری امرناتھ یاترا آج اختتام پذیر ہوئی۔ ملک کے مختلف علاقوں کے 5 لاکھ عقیدت مندوں نے   شری امرناتھ مقدس گپھا کے دیدار کئے۔ جموں و کشمیر انتظامیہ نے یاتریوں کیلئے بھرپور انتظامات کئے تھے۔

## Delhi Metro Raksha Bandhan

بھائیوں اور بہنوں کے درمیان پیار و محبت کے خصوصی رشتے کا تہوار رکشا بندھن آج ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر بہنیں اپنے بھائیوں کی کلائی پر خوبصورت راکھی باندھتی ہیں اور ان کی خوشحالی، صحت و تندرستی کے لیے دعائیں کرتی ہیں۔ بھائی بھی اپنی بہنوں کی حفاظت اور ان کی مدد کا عہد کرتے ہیں اور انہیں تحائف دیتے ہیں۔

دلی میں Delhi Metro Rail Corporation, DMRC نے آج رکشا بندھن کے موقع پر مسافروں کی زیادہ تعداد کے مد نظر اضافی ٹرینوں کا بندوبست کیا ہے۔

مسافروں کی سہولت کے لیے DMRC نے ان سے موبائل ایپس جیسے DMRC Momentum 2.0، Whatsapp، PayTM اور ONE Delhi کا استعمال کرنے پر زور دیا ہے تاکہ ٹکٹ ونڈو پر بھیڑ سے بچنے کے لیے، آن لائن QR ٹکٹ خریدے جا سکیں۔x

## Prez. Raksha Bandhan

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے رکشا بندھن کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ رکشا بندھن بھائیوں اور بہنوں کے درمیان ایک منفرد رشتے کو یاد رکھنے کا تہوار ہے، جس سے محبت اور باہمی اعتماد کو مضبوطی ملتی ہے۔

صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار مذہبی اور ثقافتی حدوں سے اوپر اٹھ کر ملک میں کثرت میں وحدت کی عکاسی کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس تہوار سے خواتین کی حفاظت کے ہمارے عزم کو اور تقویت ملتی ہے۔x

## Football Fan Protestٌ

کولکاتہ کے تین بڑے فٹ بال کلب موہن بگان، ایسٹ بنگال اور محمڈن اسپورٹنگ کے مداحوں نے اپنی رقابت کو الگ رکھتے ہوئے RG Kar Medical College کی ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے خلاف کل ایک ساتھ احتجاج کیا۔ کولکاتہ کے Saltlake اسٹیڈیم کے باہر غیر معمولی نظارہ دیکھنے کو ملا، جہاں موہن بگان کے کپتان Subhasish Boseاپنی اہلیہ Kasturi Chetri اور آل انڈیا فٹبال فیڈریشن کے صدر کلیان چوبے کے ساتھ متاثرہ کے لیے، انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاجی مارچ میں حصہ لیا۔Subhaishs Bose نے کہا کہ پہلی بار موہن بگان، ایسٹ بنگال اور محمڈن اسپورٹنگ کے مداح انصاف کی لڑائی کے لیے ساتھ آئے ہیں۔x

## RRTS Meerut

نمو بھارت ٹرین نے، جسے ریپڈ ٹرین بھی کہا جاتا ہے اور جس کا ایک عرصے سے انتظار تھا، نے کل، ریجنل ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم کے ساتھ میرٹھ ساؤتھ اور غازی آباد کے درمیان اپنی کارکردگی شروع کردی ہے۔ ٹرین نے کل دوپہر تقریباً 2 بجے میرٹھ ساؤتھ اسٹیشن سے اپنا سفر شروع کیا اور صاحب آباد اسٹیشن تک 42 کلو میٹر کا فاصلہ صرف 32 منٹ میں طے کیا۔

اِس 8 کلو میٹر کے اضافی سیکشن کے ساتھ کُل 42 کلومیٹر پر محیط دلّی-غازی آباد- میرٹھ ریجنل ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم، RRTS کوریڈور، اب پوری طرح کام کر رہا ہے۔ یہ کوریڈور غازی آباد کے صاحب آباد سے میرٹھ-ساؤتھ تک 9 اسٹیشنوں کا احاطہ کرتا ہے۔

نمو بھارت ٹرینیں صاحب آباد سے میرٹھ ساؤتھ تک پورے سیکشن پر صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک مسافروں کیلئے دستیاب ہوں گی۔

صاحب آباد سے میرٹھ ساؤتھ ریلوے اسٹیشن تک کے سفر کا کرایہ معیاری کوچ میں 110 روپے سے لے کر premium کلاس کوچ کیلئے 220 روپے تک ہے۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تری پورہ میں آج مختلف مقامات پر شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمہئ موسمیات نے آج جموں، مراٹھا واڑ، ساحلی آندھرا پردیش اور Yanam کے مختلف علاقوں میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD کے مطابق اس ہفتے جموں و کشمیر، لداخ، گلگت- بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، مشرقی اترپردیش، کیرالہ، ماہے اور لکشدیپ میں دور دور تک ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہوسکتی ہے۔x

Must Announcement

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام،     پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ”خلاء کے شعبے میں موقعوں کی توسیع“ کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، نئی دلی کے NRSC کے علاقائی ریموٹ سینسنگ کے شمالی مرکز کے ڈپٹی جنرل منیجر ڈاکٹر سمیر سرن کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات  اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر        اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

آپ اپنے سوالات، ہیش ٹیگ Askair کے ذریعے ہمارے ٹوئیٹر ہینڈل @airnewsalerts پر بھی پوسٹ کرسکتے ہیں۔

یہ براہ راست پروگرام ایف ایم گولڈ چینل اور اضافی میٹروں پر بھی سنا جاسکتا ہے۔ یہ پروگرام ہماری ویب سائٹ NEWS ON AIR DOT NIC DOT IN پر اور ہمارے یوٹیوب چینل NEWS ON AIR OFFICIAL پر بھی دستیاب ہوگا۔x

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخباروں کی سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

اخبار پرتاپ نے کولکاتہ میں خاتون ڈاکٹر سے زیادتی اور قتل کے خلاف ڈاکٹروں کے احتجاج کا سپریم کورٹ کے ذریعے از خود نوٹس لیے جانے سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار کی شہ سرخی ہے: خاتون ڈاکٹر سے زیادتی اور قتل کی گونج سپریم کورٹ پہنچی، چیف جسٹس کی بینچ سماعت کرے گی۔ اخبار انقلاب نے بھی اس خبر کو اہمیت دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا سمیت دیگر اخبارات نے اترپردیش کے بلند شہر میں پیش آئے سڑک حادثے میں 10 افراد کی ہلاکت کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

اخبارات نے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ جموں و کشمیر کے لوگ تبدیلی چاہتے ہیں۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ اسرائیل کی جانب سے بڑی پیش رفت کی تصدیق،   بلنکن جنگ بندی کے لیے سرگرم۔

_ مشرق وسطیٰ پہلے سے کہیں زیادہ جنگ کے قریب آگیا، فرانس اور برطانیہ کا بیان۔

_ بنگلہ دیش میں فوری انتخابات کا مطالبہ مسترد، طلبہ کا اپنی سیاسی جماعت بنانے پر غور۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 مرکز نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ Mpox کے مریضوں کا فوری طور پر پتہ لگانے کیلئے نگرانی اور مؤثر اقدامات کریں۔

2 اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ براہ راست دوسرے سال میں داخلے کا تصور پہلے، کانگریس کی قیادت والی یوپی اے حکومت کے دوران پیش کیا گیا تھا۔

3 وزیر خارجہ ایس جے شنکر، آج نئی دلی میں، نیپال کی اپنی ہم منصب آرزو رانا دیوبا کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

4 آج پورے ملک میں رکشا بندھن کا تہوار منایا جارہا ہے۔

5 جموں و کشمیر میں سالانہ امرناتھ یاترا اختتام پذیر ہوئی۔

6 اور کولکاتہ کے تین بڑے فٹ بال کلبز موہن بگان، ایسٹ بنگال اور محمڈن اسپورٹنگ کے ہزاروں شائقین نے، مغربی بنگال میں RG Kar میڈیکل کالج کی ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے خلاف احتجاج کیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------